01/2023 I

Roll No. ....................

## SCHOOL OF UNANI MEDICAL EDUCATION & RESEARCH
## BUMS FIRST PROF. (BATCH:2021-2022) ANNUAL EXAMINATION 2023
## PAPER CODE: UNIUG-UAMF
## PAPER-I: URDU AND ARABIC

Time: 03 hours

Max Marks: 100

### ATTEMPT ALL QUESTIONS IN CONTINUATION

**Multiple Choice Questions (20x1=20)**

Q. 1-" بڑاشہر" میں بڑا کیا ہے؟

(A) تثنیہ (B) صفت (C) مضاف (D) تابع مہمل

Q. 2-"بے خبر" میں "بے" کیا ہے؟

(A) لاحقہ (B) سابقہ (C) جنس (D) خبر

Q. 3-"حیدرآباد ایک مشہور شہر ہے"۔اس جملہ میں اسم عام کیا ہے؟

(A) مشہور (B) ایک (C) حیدرآباد (D) شہر

Q. 4-"ہندوستانی ڈاکٹر" میں "ہندوستانی" کیا ہے؟

(A) صفت عددی (B) صفت نسبتی (C) صفت مقداری (D) صفت ضمیری

Q. 5-"اگر تم آتے، تو میں تمھارے ساتھ جاتا"۔ یہ جملہ کس فعل کا ہے؟

(A) ماضی ناتمام (B) ماضی تمام (C) ماضی مطلق (D) ماضی شرطیہ

Q. 6-"تم گفتگو کر رہے ہو"۔ یہ جملہ کس فعل کا ہے؟

(A) حال مطلق (B) حال ناتمام (C) حال احتمالی (D) مضارع

Q. 7-"تم کام پورا کر لو، میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں"۔ یہ کون سا جملہ ہے؟

(A) مفرد جملہ (B) مرکب جملہ (C) جملہ انشائیہ (D) جملہ مہملہ

Q. 8-"خالد محنتی طالب علم ہے"۔اس جملہ میں مبتدا کیا ہے؟

(A) طالب علم (B) محنتی (C) خالد (D) ہے

Q. 9-"عید گاہ" کس کی تحریر ہے؟

(A) حکیم محمد اجمل خان (B) حکیم محمد اعظم خان (C) علامہ اقبال (D) پریم چند

Q. 10-"طب کا تاریخی خاکہ" کس کی تحریر ہے؟

(A) سر سید احمد خان (B) کمال الدین ہمدانی (C) الطاف حسین حالی (D) میر امن

Q. 11-"سمعوا" کیا ہے؟

(A) اسم (B) فعل (C) حرف (D) مرکب اضافی

Q. 12-عربی زبان میں عدد کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Q. 13-لون السماء" کون سا مرکب ہے؟

(A) مرکب عددی (B) مرکب اضافی (C) مرکب توصیفی (D) مرکب اشاری

02/2023 I

Q. 14-"الولد مجتهد" کیا ہے؟

(A) جملہ فعلیہ (B) جملہ اسمیہ (C) مرکب عددی (D) مرکب توصیفی

Q. 15-"قرا" فعل کس باب سے ہے؟

(A) نصر (B) فتح (C) سمع (D) کرم

Q. 16-"لاتضحک" کیا ہے؟

(A) فعل رباعی (B) فعل ماضی (C) فعل امر (D) فعل نہی

Q. 17-"مکتوب" کیا ہے؟

(A) اسم فاعل (B) اسم مفعول (C) اسم تفضیل (D) اسم جامد

Q. 18-"ماذا" کیا ہے؟

(A) اسم اشارہ (B) اسم موصول (C) حرف عطف (D) حرف استفہام

Q. 19-ہاسپٹل کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

(A) مقیاس الحرارۃ (B) مستشفیٰ (C) فیروس (D) مقیاس النبض

Q. 20-درد سر کی عربی کیا ہے؟

(A) إسہال (B) إمساک (C) سعال (D) صداع

## Short Answer Questions (8x5=40)

Q. 1-استدراکی جملہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

Q. 2-صفت مقداری پر روشنی ڈالیں۔

Q. 3-ماضی احتمالی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تحریر کریں۔

Q. 4-کلمہ کی دو قسموں فعل اور حرف میں بنیادی طور پر کیا فرق ہے؟ واضح کریں۔

Q. 5-موصوف اور صفت میں کتنی چیزوں میں مطابقت ہوتی ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔

Q. 6-فعل ماضی کی گردان میں مخاطب کے صیغے کون کون سے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔

Q. 7-عربی گرامر میں اسم ظرف سے متعلق اپنی معلومات تحریر کریں۔

Q. 8-اسمائے اشارہ پر روشنی ڈالیں۔

## Long Answer Questions (4x10=40)

Q. 1-"الٹی ہو گئیں سب تدبیریں" یا "دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے" کا خلاصہ تحریر کریں۔

Q. 2-اسمائے ادویہ کا استعمال کرتے ہوئے عربی میں پانچ جملے بنائیں۔

Q. 3-مرکب تام پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔

Q. 4-فعل ثلاثی مزید فیہ کے ابواب پر ایک نوٹ تحریر کریں۔

01/2023 II

Roll No. ....................

# SCHOOL OF UNANI MEDICAL EDUCATION & RESEARCH
## BUMS FIRST PROF. (BATCH:2021-2022) ANNUAL EXAMINATION 2023
## PAPER CODE: UNIUG-UAMF
## PAPER-II: MANTIQ WA FALSAFA

Time: 03 hours

Max Marks: 100

**ATTEMPT ALL QUESTIONS IN CONTINUATION**

**Multiple Choice Questions (20x1=20)**

Q. 1- منطق کی غرض وغایت کیا ہے؟

(A) غور وفکر کرتے وقت غلطی سے بچانا (B) معرف اور حجت (C) غلطی سے نہ بچانا (D) حجت اور دلیل

Q. 2- کسی چیز کا علم اس طرح ہونا کہ اس کے ساتھ کوئی حکم یا نسبت نہ ہو، کیا کہلاتا ہے؟

(A) چیز (B) تصدیق (C) تصور (D) عکس

Q. 3- ایسے جانے پہچانے تصورات جن کے ذریعے انجانے تصورات کا علم ہو، کیا کہلاتے ہیں؟

(A) دلالت (B) حجت (C) معرف (D) لفظ

Q. 4- دلالت کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Q. 5- مفہوم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Q. 6- موضوع کے لحاظ سے قضیہ حملیہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Q. 7- عکس کے لغوی معنی کیا ہے؟

(A) اچھا۔برا (B) دوستی۔دشمنی (C) الٹنا پلٹنا (D) ان میں سے کوئی نہیں

Q. 8- مادے کے لحاظ سے قیاس کی کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

Q. 9- حکمت طبعیہ کا موضوع کیا ہے؟

(A) غور وفکر کرنا (B) جسم طبعی (C) جسم غیر طبعی (D) ان میں سے کوئی نہیں

Q. 10- صورت جسمیہ کا وجود کس پر منحصر ہے؟

(A) مزاج (B) جسم (C) طبیعت (D) مادہ

Q. 11- "مکان کسی موجود چیز کا نام نہیں بلکہ صرف خلاء کا نام ہے" - یہ کس کا کہنا ہے؟

(A) افلاطون (B) حکماء اسلام (C) حکماء اشراقیہ (D) ارسطو

Q. 12- آدمی کا موٹا ہو جانا اور جاہل کا جاہل ہی رہنا کس کی مثالیں ہیں؟

(A) حرکت اور سکون (B) صرف سکون (C) صرف حرکت (D) ان میں سے کوئی نہیں

Q. 13- مندرجہ ذیل میں سے جوہر کیا ہے؟

(A) کیف (B) متی (C) ارض (D) فعل

02/2023 II

Q. 14- مندرجہ ذیل میں سے کیفیت منفعلہ کیا ہے؟

(A) حرارت (B) برودت (C) یبوست (D) ان میں سے کوئی نہیں

Q. 15- مندرجہ ذیل میں مرکبات تامہ کیا نہیں ہے؟

(A) حیوانات (B) نباتات (C) جمادات (D) بخار

Q. 16- وہ علم جس میں آسمانوں اور ستاروں کے حالات بیان کیے جاتے ہیں، کیا کہلاتا ہے؟

(A) علم فلسفہ (B) علم منطق (C) علم نفس (D) علم ہیئت

Q. 17- کس دائرہ کی وجہ سے کرۂ زمین دو برابر حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے؟

(A) خط سرطان (B) خط استواء (C) خط جدی (D) منطقۃ البروج

Q. 18- گردش کی وجہ سے کرۂ زمین کے وسط میں جو دائرہ پیدا ہوتا ہے، اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) منطقۃ (B) منطقۃ البروج (C) نصف النہار (D) معدل النہار

Q. 19- نفسیات کی مشہور شاخیں کتنی ہیں؟

(A) پانچ (B) چھے (C) سات (D) آٹھ

Q. 20- تحسسات کو بیرونی چیزوں سے منسوب کرنے کے ذہنی عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) احساس (B) جذبات (C) ادراک (D) علم ہیئت

**Short Answer Questions (8x5=40)**

Q. 1- تصور کے بارے میں اپنی معلومات تحریر کریں۔

Q. 2- قضیہ شرطیہ کی وضاحت کریں۔

Q. 3- تساوی پر روشنی ڈالیں۔

Q. 4- حکمت کی تعریف لکھیں۔

Q. 5- علم فلسفہ میں حرکت سے کیا سمجھتے ہیں؟ واضح کریں۔

Q. 6- عناصر اربعہ پر روشنی ڈالیں۔

Q. 7- منطقۃ البروج کی وضاحت کریں۔

Q. 8- قطبین سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تحریر کریں۔

**Long Answer Questions (4x10=40)**

Q. 1- دلالت لفظی پر نوٹ لکھیں۔

Q. 2- وحدات ثمانیہ پر روشنی ڈالیں۔

Q. 3- حکمت نظری پر تفصیل سے لکھیں۔

Q. 4- نفس نباتی پر اپنی معلومات تحریر کریں۔

*************************